Urdu

# مادری زبان کی اہمیت

مادری زبان کی اہمیت



Essex County Council


## مادری زبان کی اہمیت

مادری زبان کی اہمیت

زبان اہم ترین تحائف میں سے ایک ہے، جو آپ اپنے بچے کو دیتے ہیں۔ لیکن آپ اسے کس طرح دیتے ہیں؟

جواب بہت سادہ ہے۔

ہر روز گھر میں اپنے بچے کے ساتھ اپنی زبان میں بات کرے!



**گھر کی یا مادری زبان کیوں اہم ہے؟**

جو زبان آپ اپنے بچوں کے ساتھ بولتے ہیں وہ پہلی زبان ہے جو وہ سیکھیں گے۔ یہ ان کا آپ سے، خاندان کے باقی افراد سے، اور اپنی ثقافت اور کمیونٹی سے، پہلا رابطہ ہے۔ یہ زبان ہی ہے جسے وہ اپنے ارد گرد موجود دنیا کے بارے میں جاننے کے لیے سب سے پہلے استعمال کرتے ہیں۔ یہ زبان ہے جو انہیں "زندگی کے لئے قائم" کرنے میں مدد دیتی ہے - اور آپ اس عمل کا ایک مرکزی حصہ ہیں! یہ بہت سے امور کے لحاظ سے والدین ہی بچوں کے پہلے اساتذہ ہوتے ہیں۔

**اپنی مادری زبان استعمال کرنے کے کیا فوائد ہیں؟**

آپ کے گھر کی زبان کا استعمال آپ کے بچوں کو خاندان کے ساتھ جوڑتا ہے۔ یہ آپ کی اہم ثقافتی روایات کے لئے ایک ربط بھی مہیا کرتا ہے، اور دوستوں اور پڑوسیوں کے لئے بھی، جو ویسی ہی زبان بولتے ہیں۔ اپنی مادری زبان کو استعمال کرنا آپ کو اپنے بچوں کو پڑھانے، اور ایک ساتھ نئی چیزیں سیکھنے کی اجازت دیتا ہے۔ آپ نئے تجربات اور الفاظ کے بارے میں بات کر سکتے ہیں؛ آپ حروف اور اعداد کی مشق کر سکتے ہیں۔ یہ تمام چیزیں آپ کے بچوں کی ابتدائی تعلیم کا ایک اہم حصہ ہیں - اور آپ کے لئے یہ زیادہ آسان اور پرسکون ہو گا اگر آپ اسے اپنی سب سے آسان یا آرام دہ زبان میں کرتے ہیں۔


**لیکن انگریزی کے بارے میں کیا ہے؟**

برطانیہ میں رہنے والے بچوں کو اسکول اور زندگی میں کامیابی ہونے کے لیے انگریزی کی ضرورت ہے۔ خوش قسمتی سے، نوجوان بچے نہایت آسانی سے دو لسانی بن سکتے ہیں۔ ایک فرد جو ایک سے زیادہ زبانیں اچھی طرح بولتا ہے اسے تعلیم حاصل کرنے، سفر، اور کام کے لئے زیادہ کے مواقع میسر آئیں گے - برطانیہ میں اور یورپ/دنیا بھر میں، دونوں کے لئے۔ اہم: دولسانی ہونا بچوں میں مضبوط سوچ کی مہارتوں کو تعمیر کرتا ہے اور اس کا نتیجہ عام طور پر طویل مدت میں بہتر تعلیمی گریڈ زکی صورت میں نکلتا ہے۔

**اگر میں کچھ انگریزی زبان بولتا ہوں، تو کیا مجھے اسے گھر میں استعمال کرنا چاہئے؟**

آپ کو وہ زبان بولنی چاہئیے، جسے بولنے میں آپ سب سے زیادہ آرام دہ محسوس کرتے ہیں۔ اگر آپ کے گھر کی زبان آپ کی انگریزی کے مقابلے میں زیادہ مضبوط ہے، تو آپ

اپنے بچوں میں مضبوط زبان کی مہارت کی تعمیر کے لئے اپنی مادری زبان کو استعمال کرنا چاہئے۔



# مادری زبان کی اہمیت

مادری زبان کی اہمیت



**میں گھر پر کیا کر سکتا ہوں؟**

- اپنی مادری زبان میں اپنے بچے کو کہانیاں سنائیں اور پڑھیں۔
- نظموں، نعرے، منتر، گانے، اور نظموں کا اشتراک کریں جو آپ نے ایک بچے کے طور پر سیکھیں تھیں۔
- آپ کی زبان میں ہونے والی تفریحی پر لطف سرگرمیوں کی تلاش کریں، جیسا کہ آپ کی مقامی لائبریری، مقامی تہوار اور ثقافتی تقریبات۔
- اپنے قریبی پبلک لائبریری میں اپنی مادری زبان میں دولسانی کتابیں، خاکوں والی یا بنا الفاظ کی کتابیں، آپ کی گھر کی زبان میں کتابوں کی تلاش کریں۔

**دو زبانوں میں کہانیاں**

بہترین چیزوں میں سے ایک جو اپ کر سکتے ہیں اپنے بچے کے ساتھ گھر کی زبان میں پڑھنا ہے۔ آپ کی قریبی پبلک لائبریری میں بچوں کے لئے کہانی کی کتابیں موجود ہو سکتی ہیں جن میں انگریزی زبان کے علاوہ آپ کے گھر کی زبان میں بھی دوہرا متن موجود ہو۔ آپ کے بچے کا اسکول میں بھی ان میں سے کچھ ہو سکتی ہیں۔



**کیا میرے بچے دو زبانیں استعمال کرنے کی وجہ سے الجھن کا شکار ہو جائیں گے؟**

نوجوان بچے ایک ہی وقت میں دو یا اس سے زیادہ زبانیں سیکھ سکتے ہیں۔ جب ان کے بالغ افراد کے ساتھ بہت سارے تجربات ہوتے ہیں، جو ان سے بات کرتے ہیں اور ان کی بات سنتے ہیں، تو وہ بہت تیزی سے سیکھتے ہیں۔ بعض اوقات بچے دونوں زبانوں سے الفاظ یا فقروں کو یکجا کر کے بولتے ہیں۔ ایسا کرنا ٹھیک ہے! اگرچہ ایسا محسوس ہو سکتا ہے کہ الجھن میں ہیں، لیکن اصل میں وہ دونوں زبانوں میں سے قوانین اور ذخیرہ الفاظ سیکھ رہے ہیں اور اپنے ذہن میں ان کو چھانٹ بھی رہے ہیں۔ یہ اچھا سیکھنے اور سوچنے کی ایک نشانی ہے۔

**میرے بچے انگریزی میں بات کرنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ مجھے کیا کرنا چاہئیے؟**

پہلی بات، فکر مت کریں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کے بچے انگریزی کو ترجیح دیتے ہیں، کیونکہ ان کے تمام دوست یہ زبان بول رہے ہیں۔ اپنے بچوں کے ساتھ زبان کے بارے میں بات کریں۔ ان کے سامنے وضاحت کریں کہ دونوں زبانوں کو سیکھنا ضروری ہے۔ خاص لوگوں زندگیوں میں ان کے بارے میں بات چیت کریں جو آپ کی زبان بولتے ہیں، بشمول آپ کے پسندیدہ رشتہ دار اور دوست۔ وجاحت کریں کہ وہ لوگ جو دولسانی ہیں ان کے پاس دوست بنانے اور نئے ثقافتوں کے بارے میں جاننے کے دوگنا مواقع ہیں۔

کتابیں پڑھنے سے، گیت گا کر، اور اپنی مادری زبان میں کھیل کھیل کر اسے زیادہ تفریحی اور پرلطف بنائیں؛ اور جب آپ کسی بھی قسم کی سرگرمی میں شامل ہوں تو اسے استعمال کریں۔ آپ کی زبان ایک تحفہ ہے، اور اس میں بات کرنا آپ کے خاندان کو منسلک رکھتا ہے!

یاد رکھیں کہ اپنے بچوں کے ساتھ آپ کے تعلقات کا انحصار زبان پر ہے۔ جیسے جیسے ان کی عمر زیادہ ہوتی ہے، موصلات اور زیادہ اہم ہوتی چلی جائے گی۔ آپ کے پاس وسیع اقسام کے موضوعات کے بارے میں بات چیت ہو گی۔ یہ آپ اور آپ کے بچے دونوں کے لئے زیادہ آسان اور زیادہ تفریحی ہو گا اگر آپ دونوں ایک ہی زبان میں بات چیت کر رہے ہوں۔



